27/09/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

لیفٹننٹ گورنر

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر کے 12 سیاحتی مقامات کو سیاحوں اور عام لوگوں کیلئے دوبارہ کھولے جانے کے احکامات صادر کئے ہیں۔ یہ فیصلہ کل ایل جی کی صدارت میں منعقد ہوئی یونیفائیڈ ہیڈ کوارٹرس کی میٹنگ کے بعد لیا گیا۔ اِن میں کشمیر صوبے میں آڑو ویلی ، رافٹنگ پوائنٹ یانر، اکڈ پارک ، پادشاہی پارک بجبہاڑہ ، دارا شکوہ پارک، کمان پوسٹ اور ایکو پارک بارہمولہ کے علاوہ جموں صوبے کے پانچ سیاحتی مقامات شامل ہیں۔

ایل جی افتتاح

اسی دوران ایل جی نے کل راج بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنرس سینک سہایتا کیندر پورٹل کا آغاز کیا۔ یہ پورٹل ہتھیار بند فوج اور مرکزی ہتھیار بند پولیس فورسز کے جوانوں کی فلاح کیلئے مخصوص رکھا گیا ہے۔

LG ملاقات

ایم ایل اے رام گڑھ ڈاکٹر دوندر کمار منیال نے کللیفٹنٹ گورنر منوج سنہاسے ملاقات کی اور اپنے حلقے سے جڑے کئی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔

وزیر اعظم

خدمات کا آغاز کریں گے۔ Gکی BSNL 4 وزیر اعظم نریندر مودی آج اڑیشہ میں ایک تقریب پر کے پرنسپل جنرل منیجر اروند پانڈے نے ایک پریس کا نفرنس BSNL اس بارے میں سرینگر میں کے دوران بتایا۔

------

چیمپئین شپ

چیمپئین شپ جاری Pencak Silat شیر کشمیر انڈور سپورٹس کمپلیکس سرینگر میں شروع ہوئی ہے ۔ آج دوسرے روز بھی چیمپئین شپ میں کئی مقابلے ہوں گے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل اس چیمپئین شپ کا افتتاح کیا تھا ۔ اپنے خطاب میں انہوں نے ان کھیل مقابلوں کے لئے سرینگر کا انتخاب کرنے پر متعلقین کا شکریہ ادا کیا ۔

------

GST

اصلاحات نافذ کرنے سے اب لوگوں کو حیات بخش ادویات سمیت دیگر کئی GST ملک میں جدید نظام سے فائدہ اٹھا کر اس کی GSTچیزیں مناسب نرخوں پر دستیاب ہوں گی۔عوامی حلقے نئے بڑے پیمانے پر پذیرائی کر رہے ہیں۔

........

کلب سیوا پرو

سیوا پرو کے تحت جاری سرگرمیوں کے سلسلے میں روزگار محکمہ کشمیر کے اہتمام سے آج صبح گیارہ بجے بوٹ کلب پوکھری بل کاٹھی دروازہ سرینگر میں آبی کھیل فلیگ ریلی کا انعقاد ہو رہا ہے۔ محکمے کی جانب سے کل صبح آٹھ بجے بخشی سٹیڈیم سرینگر سے Cyclothon کا انعقاد ہوگا۔

سوستھ ناری

جمونو کشمیر کے مختلف ضلعوں میں سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت بھی خصوصی پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔

کمیونٹی ہیلتھ مراکز ، پرائمری ہیلتھ سینٹروں اور آیوشمان آروگیہ مندروں میں محکمہ صحت کی طرف سے یہ سرگرمیاں دو اکتوبر تک جاری رہیں گی ۔

سکل ڈیولپمنٹ مشن

جموں کشمیر سکل ڈیولپمنٹ مشن نے یوٹی کے سبھی بیس اضلاع میں " انڈیا سکل Competition 2025 " لانچ کیا ہے۔ اس مقابلے میں 21 سال سے کم کی عمر کے ہنر مند نوجوان حصہ لے سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کی آخری تاریخ 30 ستمبر مقرر ہے۔ مزید تفصیلات www.skill.jk.gov.in/cms/competition پر حاصل کی جاسکتی ہیں۔

داخلہ

10+2 امتحان پاس کرنے والے طالب علموں کی خاطر تدریسی Biannual اعلیٰ تعلیم محکمے نے سال 2025-26 کے لئے جموں کشمیر کے سبھی کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کا اعلان کیا ہے ۔ ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر کی جانب سے جاری کئے گئے ایک پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ رجسٹریشن سمرتھ پورٹل jkadmissions.samarth.ac.in پر کی جا سکتی ہے ۔ یہ پورٹل سوموار 29 ستمبر سے کھولا جائے گا ۔

JDU

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بارہمولہ ضلع کے کریری ، Kakothal ، شیخ پورہ اور ٹنگ مرگ علاقوں کا دورہ کر کے عوام کو در پیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔انہوں نے ان علاقوں میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا ۔ جی ایم شاہین نے ایل جی سے کسانوں کے KCC قرضے معاف کرنے کی اپیل کی ۔

ڈے

آج ورلڈ ٹورازم ڈے منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں آج محکمہ سیاحت کشمیر کے اہتمام سے سرینگر ، پہلگام اور گلمرگ میں خصوصی تقریبات منعقد ہو رہی ہیں۔ جموں میں بھی اس دن کی مناسبت سے پروگراموں کا انعقاد ہو رہا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ